رول نمبر ـــــــــــــــــــــــ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) LHR-1-24 024- فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) **PAPER CODE = 5023** کل نمبر : 15

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | امیر کی جمع ہے : | (A) امراء | (B) امرن | (C) امارات | (D) امور |
| 2 | میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے : | (A) خواجہ میر درد کے | (B) مرزا غالب کے | (C) ابراہیم ذوق کے | (D) خواجہ باسط کے |
| 3 | کیا کیا مچی ہیں ـــ برسات کی بہاریں : | (A) لوگو | (B) یارو | (C) دوستو | (D) دیکھو |
| 4 | دکھ کا مترادف ہے : | (A) خوشی | (B) غم | (C) تکلیف | (D) رُخ |
| 5 | کس نے سودا کو میر پر ترجیح دی : | (A) ذوق نے | (B) غالب نے | (C) مومن نے | (D) شیفتہ نے |
| 6 | طالب علم نے کتنے سالوں میں لاء کلاس کا کورس پورا کیا : | (A) چار سال | (B) دو سال | (C) تین سال | (D) پانچ سال |

(ورق الٹئے)



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | مَلک کی مؤنث بنایئے : | (A) مالکہ | (B) ملکہ | (C) شہزادی | (D) شہزادن |
| 8 | "قاطع برہان" کے مصنف ہیں : | (A) ذوق | (B) مومن | (C) غالب | (D) سودا |
| 9 | کس کے گھوڑے کے پاؤں زمین میں دھنس گئے : | (A) یہودی | (B) سراقہ بن جشم | (C) ہمہ تن چشم | (D) ابن ہشام |
| 10 | ڈاکٹر نے میاں کو کس بات کی تاکید کی تھی : | (A) وقت پر دوائی کھانے کی<br>(C) خاموش لیٹے رہنے کی | (B) انجکشن لگوانے کی<br>(D) سیر کرنے کی | | |
| 11 | "مرآۃ الغیب" کس کی کتاب ہے : | (A) امیر مینائی | (B) نذیر اکبر آبادی | (C) مرزا غالب | (D) علامہ محمد اقبال |
| 12 | عروج کا متضاد بنایئے : | (A) جمال | (B) کمال | (C) جلال | (D) زوال |
| 13 | مرزا غالب کا اصل نام کیا تھا : | (A) سعداللہ | (B) عبداللہ خاں | (C) نصراللہ خاں | (D) اسداللہ خاں |
| 14 | افسانہ "زادِ راہ" کس کی تصنیف ہے : | (A) کرنل محمد خان | (B) ڈپٹی نذیر احمد | (C) میرزا ادیب | (D) منشی پریم چند |
| 15 | حدیث کی جمع ہے : | (A) حوادث | (B) احادیث | (C) حادثہ | (D) حادثات |



www.pakcity.org

رول نمبر-------------(امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) LHR-1-24 024 - فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

(حصہ نظم) (i) ہے لازوال عہدِ خزاں اس کے واسطے کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(ii) جو بے داغ لالہ، جو بے خار گُل ہے وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے

(iii) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(iv) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی یہ رنگ ... تیرے سوا الٰہی!

(حصہ غزل) (v) بار بار اُن کے در پہ جاتا ہوں حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

(vii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اس کے حاصل کرنے میں اس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قویٰ کو بھی بےکار ڈال دے تو اس کا حال کیا ہو گا۔

(ورق الٹیے)





3- (ب) بھینسے کو بالکل نکما سمجھا جاتا ہے۔ اسے ہل میں جوتنے کی سکیم ناکامیاب ثابت ہوئی، کیونکہ وہ دائمی طور پر تھکا ہوا اور ازلی سُست ہے۔ اس نے بچپن میں بھینس کا دودھ پیا تھا۔ بھینس کے سامنے بین بجائی جائے تو نتیجہ تسلی بخش نہیں نکلتا، بھینس کو بین سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) بحوالہ سبق ''ہجرت نبوی ﷺ'' ابوجہل نے حضرت محمد ﷺ کو نقصان پہنچانے کے لیے کون سی رائے پیش کی؟

(ii) مرزا غالب اکثر تنگ دست کیوں رہتے تھے؟ (iii) اگر انسان اپنے دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دے تو کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(iv) جمن نے خالہ کی خاطر داریاں کب تک کیں؟ (v) ڈرامہ ''آرام و سکون'' کے آخر میں کون کون سی آوازیں مل کر میاں کو تکلیف دیتی ہیں؟

(vi) نظم حمد میں شاعر کے دل سے کیا ٹکرا کے گزرتا ہے؟ (vii) طیور کہاں نغمہ زن تھے؟

(viii) صیاد سے بہادر شاہ ظفر کی کون مراد ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (الف) پنچایت۔ (ب) آرام و سکون 5

6- نصاب میں شامل نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- فیس معافی کے لیے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنی پڑھائی میں دقت پیدا کرنے والی موسیقی بند کرانے کے لیے ہمسائے کے نام خط لکھیے۔

8- ''جس کا کام اُسی کو ساجھے'' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا تاریخ پاکستان کے موضوع پر استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) دس جگ، پانچ پلیٹیں ایک گلاس ٹوٹ گیا۔ (ii) دل نے چاہا تو ضرور آوں گا۔ (iii) امجد نے کراچی جانا ہے۔

(iv) حبیب، منیب اور مجیب آیا۔ (v) میں نے شاہد دیکھا۔

یا

درج ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے : (i) الٹے بانس ---- (ii) رات گئی ---- (iii) ہاتھی کے دانت ----

(iv) ظلم کی ٹہنی کبھی ---- (v) جس کی لاٹھی ----

www.pakcity.org

رول نمبر ______________ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) LHR-2-24   024- فرسٹ اینول ( نہم کلاس )   وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز )   **PAPER CODE = 5022**   کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | شفیق الرحمٰن کی تصنیف کون سی ہے : | (A) دجلہ | (B) گئودان | (C) آبِ حیات | (D) ابن الوقت |
| 2 | آم میٹھا ہو اور بہت ہو یہ کس کی رائے ہے : | (A) سرسید | (B) علامہ محمد اقبالؒ | (C) شبلی نعمانی | (D) مرزا غالبؔ |
| 3 | ''خیر باشد کہاں'' یہ فارسی جملہ کس نے کہا : | (A) سید انشا | (B) حیدر علی آتش | (C) ناسخ | (D) میرؔ |
| 4 | رسمی خطوط کسے لکھے جاتے ہیں : | (A) دوستوں کو | (B) والدین کو | (C) اخبار کے مدیروں کو | (D) عزیزوں کو |
| 5 | اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی۔ یہ مصرع کس نے پڑھا : | (A) میرؔ | (B) سید انشاؔ | (C) مرزاؔ | (D) جراتؔ |
| 6 | نظیر اکبر آبادی کس بیماری میں مبتلا ہوئے : | (A) شوگر | (B) بلڈ پریشر | (C) فالج | (D) کینسر |



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 7-1 | ''ریختہ کے تمھی استاد نہیں ہو غالب'' میں ریختے سے کیا مراد ہے : | (A) کلچر | (B) تہذیب | (C) زبان | (D) تمدن |
| 8 | کس شاعر کی شاعری میں مناظر فطرت، مذہبی تہوار، سماجی رسوم، میلوں، ٹھیلوں، جانوروں اور پھلوں کا ذکر جا بجا ملتا ہے : | (A) میر | (B) نظیر | (C) دبیر | (D) انیس |
| 9 | خالہ نے پنچائیت کی دھمکی دی تو جمن کے چہرے پر کیسے آثار تھے : | (A) دکھ کے | (B) افسردگی کے | (C) مستی کے | (D) فاتحانہ ہنسی کے |
| 10 | مرزا ادیب کا اصل نام ہے : | (A) ولی محمد | (B) دلاور علی | (C) فضل حسن | (D) حیدر علی |
| 11 | فتنہ کی جمع ہے : | (A) فتنے | (B) فتن | (C) فتنوں | (D) فتائن |
| 12 | نند کا مذکر ہے : | (A) نندوئی | (B) داماد | (C) نندو | (D) جیجو |
| 13 | قوت کا متضاد ہے : | (A) توانائی | (B) توانا | (C) ضعف | (D) ضعیف |
| 14 | دکھ کا مترادف ہے : | (A) خوشی | (B) سکھ | (C) تکلیف | (D) رُخ |
| 15 | امام کی جمع ہے : | (A) امم | (B) امامت | (C) آئمہ | (D) عمم |



www.pakcity.org

رول نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ (امیدوار خود پُر کرے) ( تعلیمی سیشن 2020-2022 تا 2023-2025 )

اردو (لازمی) LHR-2-24 024 - فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) (دوسرا گروپ) کل نمبر : 60

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل اشعار کی مختصر تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) : 10

**(حصہ نظم)**
(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گِلا تیرا
(ii) جیوں تیرے دَر پر، مروں تیرے در پر ... مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے
(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں ...زار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں
(iv) ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ...ن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

**(حصہ غزل)**
(v) آتشِ غم میں دل بُھنا شاید ...یر سے بُو کباب کی سی ہے
(vi) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر ...میں جاگا کیا، بخت سویا کیا
(vii) جان تُم پر نثار کرتا ہوں میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## ( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) باوجودیکہ مرزا کی آمدنی اور مقدور بہت کم تھا، مگر خودداری اور حفظِ وضع کو وہ کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیتے تھے۔ شہر کے امراء و عمائد سے برابر کی ملاقات تھی۔ کبھی بازار میں بغیر پالکی یا ہوا دار کے نہ نکلتے تھے۔ عمائدِ شہر میں سے جو لوگ اُن کے مکان پر آتے تھے، یہ بھی اُن کے مکان پر ضرور جاتے۔

(ورق الٹئے)



3- (ب) والد صاحب قبلہ خوش تھے کہ بیٹے کو قانون کا شوق ہو چلا ہے۔ کسی زمانے میں بڑے بڑے وکیلوں کے کان کترے گا۔ ہم بھی بے فکر تھے کہ چلو دو برس تک تو کوئی محنت کے لیے کہہ ہی نہیں سکتا۔ بعد میں دیکھیے کون جیتا ہے اور کون مرتا ہے، لیکن زمانہ آنکھ بند کیے گزر جاتا ہے، دو سال ایسے گزر گئے جیسے ہوا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) بابائے اردو مولوی عبدالحق نے میر کے بارے میں کیا رائے دی ہے؟ (ii) شاخِ بُریدہ سے کیا مراد ہے؟
(iii) لفظ ”برسات“ کے دو قافیے لکھیے۔ (iv) مجھو نے نئے بیل کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
(v) سلیم نے چار لڑکوں کا حلیہ کیسے بیان کیا؟ (vi) ”سرہانے میر کے آہستہ بولو“ کا دوسرا مصرع کیا ہے؟
(vii) الطاف حسین حالی کی دو ادبی خدمات لکھیے۔ (viii) یہودی نے قلعے سے کیا اعلان کیا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے : (الف) ہجرتِ نبوی ﷺ (ب) لہو اور قالین۔ 5

6- نصاب میں شامل نظم ”برسات کی بہاریں“ کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھئے جس میں محلے کی صفائی کا ذکر کیجیے۔ 10

یا

ہمسائے کے نام خط لکھیے جس میں موسیقی بند کرنے کی درخواست کیجیے تاکہ پڑھائی میں دِقت نہ ہو۔

8- ”دودھ میں پانی“ کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا ہوٹل کے منیجر اور گاہک کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) طبیعت نے چاہا تو چلا جاؤں گا۔ (ii) میں نے فرحان دیکھا۔ (iii) ایک گلاس، پانچ پلیٹیں، دس جگ ٹوٹ گئیں۔
(iv) فوج نے حملہ کیے۔ (v) ہم نے روٹی کھائیں۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) خدمت سے ۔۔۔۔ (ii) آ بیل ۔۔۔۔ (iii) جتنی چادر دیکھیے ۔۔۔۔
(iv) لاد دے لدا دے ۔۔۔۔ (v) پاک رہو ۔۔۔۔

www.pakcity.org EDUCATION pakcity.org

رول نمبر..................(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024 )

اردو (لازمی) 023 فرسٹ اینول ( نہم کلاس ) LHR-2-23 وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) ( دوسرا گروپ ) کل نمبر : 60

## ( حصہ اوّل )

10 2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) :

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام ، صبا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں

(iv) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

( حصہ غزل )

(v) عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

## ( حصہ دوم )

5,5 3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:

(الف) بوڑھی خالہ نے اپنی دانست میں گریہ و زاری کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی، خوبئ تقدیر کوئی اس طرف مائل نہ ہوا۔ کسی نے تو یوں ہی ہاں ہوں کر کے ٹال دیا؛ کسی نے زخم پر نمک چھڑک دیا۔ چاروں طرف سے گھوم گھام کر بڑھیا الگو چودھری کے پاس آئی۔ لاٹھی پٹک دی۔

(ورق الٹیے)

102-023-II-(Essay Type)-168000

3- (ب) تم دنیا سے الگ تھلگ رہ کر مصوری کرتے رہتے ہو۔ تمھیں معلوم نہیں لوگ اس قسم کے واقعے پر کیا کچھ کرتے ہیں۔ سب کہیں گے ایک غریب اور قلاش مصوّر کو جھونپڑی میں سے نکال کر لایا ، دکھاوے کے لیے اور پھر اُسے واپس بھیج دیا ، کیا یہ میری توہین نہیں ہے؟

10 4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے :

(i) حضرت بی کون تھیں اور انھوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟
(ii) ہجرتِ مدینہ کے وقت نبی کریم ﷺ نے حضرت علیؓ سے کیا فرمایا؟
(iii) سید انشاء کے اصرار پر جرأت نے کون سا مصرع پڑھا؟
(iv) دوستوں کے ساتھ مرزا غالب کا سلوک کیسا تھا؟
(v) گلزار کے بھیگنے اور سبزہ کے نہانے سے کیا مراد ہے؟
(vi) لوگوں کو دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے اپنی مدد آپ کے تحت کیا کرنا چاہیے؟
(vii) علامہ اقبالؒ کی شاعری کی دو کتابوں کے نام لکھیے۔
(viii) مقطع کے لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کیجیے۔

5 5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) پنچایت ۔ (ب) ملکی پرندے اور دوسرے جانور ۔

5 6- نصاب میں شامل نظم ”برسات کی بہاریں“ کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

10 7- چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے اچھی صحبت اختیار کرنے کی نصیحت کیجیے۔

یا

فوڈ کنٹرولر صاحب کے نام راشن ڈپو کے خلاف درخواست لکھیے۔

5 8- ” شیر کا گھر “ کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔ یا دکان دار اور خریدار کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔

5 9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے :

(i) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔ (ii) ہمت کو ہارنا اچھی بات نہیں۔ (iii) اسامہ نے بچہ کو ماں کو دیا۔
(iv) پاک رہو صاف رہو۔ (v) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئے۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) بد اچھا ---- (ii) بوڑھی گھوڑی ---- (iii) بلی کے بھاگوں ----
(iv) سوت نہ کپاس ---- (v) جتنی چادر دیکھیے ----

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) — 023 ۔فرسٹ اینول (نہم کلاس) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I (معروضی طرز) — LHR-1-23 — **PAPER CODE = 5021** — کل نمبر : 15

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | آپ خاتم النبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کتنی راتیں غار میں گزاریں : | (A) دو | (B) تین | (C) چار | (D) پانچ |
| 2 | کس نے سوداؔ کو میرؔ پر ترجیح دی : | (A) شیفتہؔ نے | (B) ذوقؔ نے | (C) مومنؔ نے | (D) غالبؔ نے |
| 3 | قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے : | (A) خوش رہ کر | (B) فکرمندی چھوڑ کر | (C) کاہلی چھوڑ کر | (D) پریشان رہ کر |
| 4 | کھیل کے پیچھے کون دیوانہ بنا رہتا تھا : | (A) سلیم | (B) نصوح | (C) بیدار | (D) منجھلا لڑکا |
| 5 | ڈاکٹر نے میاں کو کس بات کی تاکید کی تھی : | (A) وقت پر دوا کھانے کی | (B) سیر کرنے کی | (C) انجکشن لگوانے کی | (D) خاموش لیٹے رہنے کی |
| 6 | طالب علم کتنی دیر میں کمرے سے باہر نکلنا چاہتا تھا : | (A) ایک گھنٹے بعد | (B) آدھا گھنٹہ بعد | (C) دو گھنٹے بعد | (D) تین گھنٹے بعد |
| 7 | بُلبُل ایک پرندہ ہے : | (A) روایتی | (B) پالتو | (C) گھریلو | (D) عاشق مزاج |
| 8 | نظم "حمد" میں حمد سرا ہے : | (A) محرم | (B) نامحرم | (C) نافرماں | (D) فرماں بردار |
| 9 | ڈالی کس موسم میں شجر سے ٹوٹ گئی : | (A) بہار | (B) خزاں | (C) برسات | (D) سرما |
| 10 | "خدائے سخن" کس شاعر کو کہا گیا ہے : | (A) مرزا غالبؔ | (B) میر دردؔ | (C) حیدر علی آتشؔ | (D) میر تقی میرؔ |
| 11 | "جیٹھ" کی مؤنث ہے : | (A) جیٹھانی | (B) جیٹھی | (C) جیٹھائی | (D) جیٹھن |
| 12 | "رغبت" کا متضاد ہے : | (A) خیانت | (B) مخالف | (C) نفرت | (D) زوال |
| 13 | "مدح" کا مترادف ہے : | (A) حدود | (B) تعریف | (C) حُب | (D) بھروسہ |
| 14 | "وہم" کی جمع ہے : | (A) اوہام | (B) اوہا | (C) اوہم | (D) واہم |
| 15 | "اقلیم" کی جمع ہے : | (A) اقالیموں | (B) اقلیمان | (C) اقالیم | (D) ظواہر |

101-023-I-(Objective Type)-43750 (5021)

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر............(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024)

اردو (لازمی) 023 ۔فرسٹ اینول (نہم کلاس) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : ا (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) LHR-1-23 کل نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

**(حصہ نظم)**

(i) تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو — جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

(iii) کیا کیا رکھے ہے یارب، سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت

(iv) جو نغمہ زن تھے خلوتِ اوراق میں طیور — رُخصت ہوئے ترے شجرِ سایہ دار سے

**(حصہ غزل)**

(v) کہوں کیا ہوئی عمر کیونکر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

(vi) دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے — آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

(vii) عمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

## (حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر آپ کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا: "مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟" عرض کیا: "پیرومرشد! ایک نہیں رکھا۔"

(ورق الٹیے)

3۔ (ب) علی بخش کی داستانِ غم ختم ہوئی تو سلیم میاں بھی آ گئے۔ علی بخش کے چہرے پر شکایت لکھی ہوئی دیکھی تو اپنے دل پر لکھی ہوئی شکایت بیان کرنے لگے۔ ہم نے سکون سے یہ قصہ سنا۔ طرفین کے بیانوں سے واضح تھا کہ تنازع بہت خفیف ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) ڈرامہ "آرام وسکون" سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ (ii) جرأت اور انشا کے مشترک شعر میں دونوں کا الگ الگ مصرع تحریر کیجیے۔

(iii) شاعر امیر مینائی کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟ (iv) اکثر لوگ مرزا غالب کو بیرنگ خط بھیجتے تھے۔ بیرنگ خط سے کیا مراد ہے؟

(v) بُلبل بہت سے موسیقاروں سے کیوں بہتر ہے؟ (vi) الگو چودھری اور سمجھو سیٹھ نے کون سا تنازع پنچایت کے سامنے پیش کیا؟

(vii) تیتر اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟ (viii) شاعر میر تقی میر "اضطراب" کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) ہجرتِ نبوی ﷺ (ب) ملکی پرندے اور دوسرے جانور۔ 5

6۔ نصاب میں شامل نظم "حمد" کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔ 10

یا

اپنے دوست / سہیلی کے نام خط لکھیے جس میں دوستانہ شکوہ کیجیے کہ مکتوب نگار کو بھلا دیا گیا ہے۔

8۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے یا مریض اور ڈاکٹر کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (ii) میں نے دوڑا لیکن چور بھاگ گیا۔ (iii) طارق نے اخبار کو خریدا۔

(iv) رشید، مجید اور حمید آیا۔ (v) سموسے، پکوڑے، گلاب جامن سب کچھ بک گئے۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے: (i) طویلے کی بلا --- (ii) گڑ سے جو مرے تو --- (iii) زبانِ خلق کو ---

(iv) ہاتھی کے دانت کھانے کے اور --- (v) بات کھٹائی میں ---

www.pakcity.org
pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2019-2021 تا 2022-2024 )

اردو (لازمی) 023 فرسٹ اینول ( نہم کلاس ) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز) PAPER CODE = 5026 کل نمبر : 15

LHR-2-23

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کریا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | ماسٹر صاحب کو صبح پہلے ہرے بھرے ۔۔۔ کی سیر کرائی گئی : | (A) باغوں | (B) میدانوں | (C) پارکوں | (D) کھیتوں |
| 2 | ''ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا'' یہ کس کی صدا ہے : | (A) درویش کی | (B) فقیر کی | (C) شاعر کی | (D) گدا کی |
| 3 | '' مکتب '' کی جمع ہے : | (A) مکاتب | (B) مکتوب | (C) مکاتیب | (D) مکتبہ |
| 4 | '' عام '' کا متضاد ہے : | (A) سرِعام | (B) عوام | (C) خاص | (D) خام |
| 5 | مصنف کے بقول بالکل سفر نہیں کرتی ہے (ملکی پرندے اور دوسرے جانور): | (A) بلّی | (B) بھینس | (C) بُلبل | (D) گائے |
| 6 | '' عُسرت '' کا مترادف ہے : | (A) امارت | (B) سہولت | (C) عشرت | (D) غربت |
| 7-1 | '' نند '' کا مذکر ہے : | (A) نندن | (B) نندو | (C) نندوئی | (D) نانا |
| 8 | بی جان کا بیٹا احمد ۔۔۔ کرنے کے بعد فوج میں بطور آفیسر بھرتی ہوا : | (A) میٹرک | (B) ایف۔اے | (C) بی۔اے | (D) ایم۔اے |
| 9 | نوکر نے تجمل سے کہا، میں ذرا صفائی کے لیے ۔۔۔ منٹ کے لیے آجاتا ہوں : | (A) دوتین | (B) دوچار | (C) تین چار | (D) پانچ دس |
| 10 | اس مصرع ''شمار دانۂ تسبیح میں امام نہیں'' میں امام سے مراد ہے : | (A) ''امام غزالی'' | (B) ''امام بخش ناسخ'' | (C) ''امام رازی'' | (D) ''امام اثر'' |
| 11 | جو ۔۔۔ تھے خلوتِ اوراق میں طیور : | (A) خیمہ زن | (B) موجزن | (C) نغمہ زن | (D) گامزن |
| 12 | '' لیالی '' کا واحد ہے : | (A) لیلیٰ | (B) لیل | (C) لال | (D) لالی |
| 13 | سرسید نے اُردو میں ۔۔۔ کی صنف کو رواج دیا : | (A) مضمون | (B) نظم | (C) غزل | (D) افسانہ |
| 14 | دو سال بعد لا کلاس کا ۔۔۔ بھی مل گیا : | (A) اجازت نامہ | (B) صداقت نامہ | (C) شرافت نامہ | (D) روزنامہ |
| 15 | اُردو نظم کے دامن کو وسیع کرنے والے شاعر ہیں : | (A) مرزا غالب | (B) میر تقی میر | (C) اکبر الٰہ آبادی | (D) نظیر اکبر آبادی |

102-023-II-(Objective Type)- 42000 (5026)

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی)     022 - ( نہم کلاس )     وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز )     **PAPER CODE = 5023**     کل نمبر : 15

LHR-G1-22

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | '' بھنگن '' کا مذکر ہے : | (A) بھینگا | (B) بھنگی | (C) بھنگا | (D) بھانگ |
| 2 | سبق ''امتحان'' میں طالب علم نے کس کلاس کا امتحان دیا : | (A) ایف۔اے | (B) بی۔اے | (C) لاء کلاس | (D) ایم۔اے کلاس |
| 3 | علامہ اقبالؒ کے خیال میں کس سے سبق اندوز ہونا چاہیے : | (A) شجرِ سایہ دار سے | (B) طیور سے | (C) شاخِ بُریدہ سے | (D) شاخِ حمیدہ سے |
| 4 | '' فتح '' کا مترادف ہے : | (A) نُصرت | (B) شکست | (C) مات | (D) لڑائی |
| 5 | اپنی مدد آپ کے تحت دہشت گردی سے چھٹکارا پایا جاسکتا ہے : | (A) نفرت و جہالت ختم کرکے | (B) عدم برداشت ختم کرکے | (C) تفرقہ بازی ختم کرکے | (D) ان سب کو |
| 6 | سید امتیاز علی تاج کی وجہِ شہرت : | (A) ناول نگاری | (B) افسانہ نگاری | (C) ڈرامہ نگاری | (D) مضمون نگاری |
| 7 | '' ہمت '' کی جمع ہے : | (A) ہمات | (B) ہمایت | (C) حمات | (D) ہمم |
| 8 | حضورِ اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے غارِ ثور میں کتنی راتیں گزاریں : | (A) دو راتیں | (B) تین راتیں | (C) چار راتیں | (D) پانچ راتیں |
| 9 | شفیق الرحمان کے خیال میں بھینس موٹی اور ہوتی ہے : | (A) صحت مند | (B) خوش طبع | (C) خشک مزاج | (D) سیاہ |
| 10 | سبق ''شاعروں کے لطیفے'' مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے : | (A) آبِ حیات | (B) دربارِ اکبری | (C) نیرنگِ خیال | (D) سخندانِ فارس |
| 11 | مولانا الطاف حسین حالیؔ نے شاعری میں کن کی شاگردی اختیار کی : | (A) مرزا غالبؔ | (B) میر تقی میرؔ | (C) مصطفیٰ خان شیفتہؔ | (D) مرزا سوداؔ |
| 12 | '' دانا '' کا متضاد ہے : | (A) فہیم | (B) عقل مند | (C) نادان | (D) ناکام |
| 13 | استعارہ کے لغوی معنی ہیں : | (A) مشابہت | (B) اُدھار لینا | (C) برابری | (D) پاس رکھنا |
| 14 | سبق ''لہو اور قالین'' میں سردار تجمل کی کوٹھی کا نام تھا : | (A) حیرت کدہ | (B) داستان سرائے | (C) قصرِ سلطان | (D) انشاط |
| 15 | '' عبد '' کی جمع ہے : | (A) عباد | (B) عبُود | (C) عابد | (D) عبائد |

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2023-2021 )

اردو (لازمی) 022 - ( نہم کلاس ) وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : ا (انشائیہ طرز) (پہلا گروپ) کل نمبر : 60

LHR-G1-22

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی !

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) جان تُم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## ( حصہ دوم )

3۔ درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) اِس کے بعد کئی دن تک بوڑھی خالہ لکڑی لیے، آس پاس کے گاؤں کے چکّر لگاتی رہیں۔ کمر جھک کر کمان ہو گئی تھی۔ ایک قدم چلنا مشکل تھا، مگر بات آ پڑی تھی، اس کا تصفیہ ضروری تھا۔ شیخ جمن کو اپنی طاقت، رسوخ اور منطق پر کامل اعتماد تھا۔ وہ کسی کے سامنے فریاد کرنے نہیں گئے۔

3۔ (ب) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سُوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) مضمون کی مختصر تعریف کیجئے۔ (ii) شیخ امام بخش ناسخ کس وقت جلسہ گاہ پہنچے؟

(iii) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟ (iv) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

(v) روزانہ آرام وسکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ (vi) حمد کی تعریف بیان کیجئے۔

(vii) نعت پڑھانے کے دو مقاصد بیان کیجئے۔ (viii) بہادر شاہ ظفر کی غزل میں شاعر اپنی حسرتوں سے کیا کہنا چاہتا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) پنچایت ۔ (ب) امتحان 5

6۔ نصاب میں شامل ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈمسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلائیے۔ 10

8۔ ''دو بکریاں'' کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجئے۔ یا دکاندار اور خریدار کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) راشد نے کراچی جانا ہے۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) میں نے کتاب کو پڑھی۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔ (v) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) آپ آئے ۔۔۔ (ii) آدمی کا ۔۔۔ آدمی ہے۔ (iii) پاک رہو ۔۔۔

(iv) خدمت سے ۔۔۔ (v) آسمان سے ۔۔۔ کرنا۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) — 022 - ( نہم کلاس ) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) — **PAPER CODE = 5026** — کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

LHR-G2-22

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | رام دھن مصر الگو کے ۔۔۔ تھے : | (A) بھائی | (B) دوست | (C) دشمن | (D) رشتہ دار |
| 2 | 1904ء میں الطاف حسین حالیؔ کو خطاب ملا ۔۔۔ کا : | (A) سر | (B) خان بہادر | (C) غیور جنگ | (D) شمس العلماء |
| 3 | "یگانہ" کا متضاد ہے : | (A) نایگانہ | (B) بےگانہ | (C) بےیگانہ | (D) بایگانہ |
| 4 | "جوہر" کی جمع ہے : | (A) جواہر | (B) جواہرات | (C) جوہری | (D) جواہیر |
| 5 | مضمون نگار کی امتحان کی تیاری کے لیے اپنا کمرہ خالی کیا ۔۔۔ نے : | (A) والدہ | (B) والد | (C) بھائی | (D) نوکر |
| 6 | "مثال" کی جمع ہے : | (A) امثال | (B) امثلہ | (C) مثیل | (D) مثل |
| 7-1 | "فراخ" کا مترادف ہے : | (A) کشادہ | (B) آمادہ | (C) کشیدہ | (D) کشندہ |
| 8 | بچہ عید کے روز میلے سے لے آیا تھا : | (A) چاندگاڑی | (B) گھوڑا گاڑی | (C) گدھا گاڑی | (D) کھلونا گاڑی |
| 9 | سلیم نے کہا میں شطرنج کی نسبت ۔۔۔ کو زیادہ پسند کرتا ہوں : | (A) لڈو | (B) پٹھوگرم | (C) گنجفہ | (D) کرکٹ |
| 10 | سانحہ پشاور میں شہدا کی تعداد ۔۔۔ کے لگ بھگ تھی : | (A) ڈھائی سو | (B) ڈیڑھ سو | (C) ایک سو | (D) دو سو |
| 11 | نظم "برسات کی بہاریں" میں مصرع ہے "کیا کیا مچی ہیں ۔۔۔ ! برسات کی بہاریں" : | (A) لوگو | (B) یارو | (C) دوستو | (D) دیکھو |
| 12 | دیے گئے اسماء میں سے مذکر ہے : | (A) دوا | (B) ڈکار | (C) ترازو | (D) مرہم |
| 13 | مولانا شبلیؒ کی شہرت کا مدار زیادہ تر ان کی ۔۔۔ پر ہے : | (A) نظم | (B) غزل | (C) نثر | (D) افسانہ نگاری |
| 14 | منشی پریم چند پیدا ہوئے : | (A) 1880ء | (B) 1881ء | (C) 1882ء | (D) 1883ء |
| 15 | بہادر شاہ ظفرؔ خاندانِ مغلیہ کے ۔۔۔ تاجدار تھے : | (A) پہلے | (B) دوسرے | (C) تیسرے | (D) آخری |

102-022-II-(Objective Type)- 42000 (5026)

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر.................(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) | 022 - ( نہم کلاس ) | وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) | ( دوسرا گروپ ) | کل نمبر : 60

LHR-G2-22

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ): 10

( حصہ نظم )

(i) قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا
اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

(ii) جے جس طرف آنکھ ، جلوہ ہے اُس کا
جو یک سو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

(iii) ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے
قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو
نا آشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(v) نازکی اُس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے

(vi) ہمیشہ لکھے وصفِ دندانِ یار
قلم اپنا موتی پرویا کیا

(vii) دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی
پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

## ( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کے دِلی قوی کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔

3- (ب) عام طور پر بُلبُل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہو گا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اُڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ و شیون کرتے دیکھا تھا۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) حمد کی تعریف بیان کیجیے۔ (ii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟
(iii) دلی قوئی کو بےکار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟ (iv) آرام و سکون نہ کرنے سے میاں کی صحت پر کیا اثر ہوا؟
(v) علامہ اقبالؒ کی شاعری کی کتابوں کے نام لکھیے۔ (vi) محلے میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی سینٹر کے قیام کے کیا مقاصد ہو سکتے ہیں؟
(vii) بہادر شاہ ظفر نے کن اصنافِ شاعری میں طبع آزمائی کی؟ (viii) ''برسات کی بہاریں'' کے پہلے بند میں کون سے قافیے استعمال ہوئے ہیں؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) ہجرتِ نبوی ﷺ ۔ (ب) لہو اور قالین ۔ 5

6- نصاب میں شامل ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- اپنے دوست کو خط لکھ کر اُدھار دی گئی رقم کی واپسی کا تقاضا کیجیے مگر اس انداز سے کہ آپ کے دوست کو ناگوار نہ ہو۔ 10

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔

8- ''انگور کھٹے ہیں'' کے عنوان سے ایک کہانی لکھیے۔ یا ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: 5

(i) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔ (ii) عمر نے سائرہ کو مارے۔ (iii) حسنین کتاب پڑھی۔
(iv) عابد نے شاگرد پڑھایا۔ (v) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئیں۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے: (i) قاضی کے گھر کے --- (ii) یہاں کا باوا آدم --- (iii) صورت نہ شکل ---
(iv) نو سو چوہے کھا کے --- (v) قبر پر --- مارنا۔

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 اور 2017-2019 )

اردو (لازمی) 018 - ( نہم کلاس ) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) **PAPER CODE = 5021** کل نمبر : 15

( پہلا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1-1 | صبح قریش کی آنکھیں کھلیں، تو پلنگ پر آنحضرت ؐ کی بجائے تھے: (A) حضرت ابوبکرؓ (B) حضرت عمرؓ (C) حضرت عثمانؓ (D) جناب امیرؓ |
| 2 | میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے: (A) مرزا غالب کے (B) میر درد کے (C) خواجہ باسط کے (D) سودا کے |
| 3 | سلیم کو کس نے آ کر جگایا: (A) حضرت بی نے (B) بیدارا نے (C) ماں نے (D) باپ نے |
| 4 | ننھا عید کے روز میلے میں سے لایا تھا: (A) کھلونا گاڑی (B) غلیل (C) لٹو (D) مٹھائی |
| 5 | میں نے بھی تقدیر اور تدبیر پر لیکچر دے کر ثابت کر دیا کہ تدبیر کوئی۔۔۔: (A) مسئلہ نہیں (B) چیز نہیں (C) معاملہ نہیں (D) پریشانی نہیں |
| 6 | دن بھر اُلو آرام کرتا ہے اور رات بھر کرتا ہے: (A) گُو گُو (B) چوں چوں (C) تُو تُو (D) ہو ہو |
| 7 | دکان کھولنے سے پہلے دکاندار کو چاہیے کہ وہ دہشت گردی کے حوالے سے جائزہ لے: (A) اردگرد کے افراد کا (B) اردگرد مشکوک اشیاء کا (C) اردگرد کی دکانوں کا (D) تالوں کا |
| 8 | کملی میں کون مگن رہتا ہے: (A) گدا (B) شاہ (C) درویش (D) فقیر |
| 9 | امیر مینائی نے بے داغ لالہ اور بے خار گل کسے کہا ہے: (A) پھولوں کو (B) آنحضرت ؐ کو (C) صحابہ کرامؓ کو (D) بزرگانِ دین کو |
| 10 | عمر دراز مانگ کے لائے تھے۔۔۔: (A) چار گھنٹے (B) چار دن (C) چار ماہ (D) چار سال |
| 11 | تاریک کا متضاد ہے: (A) روشنی (B) چاندنی (C) روشن (D) اندھیرا |
| 12 | مسرت کا مترادف ہے: (A) حسرت (B) حیرت (C) ہنسی (D) خوشی |
| 13 | فقیر کی مؤنث ہے: (A) فقیرنی (B) فقیری (C) فقیرن (D) فقیریا |
| 14 | ذکر کی جمع ہے: (A) ذاکر (B) اذکار (C) ذاکرین (D) مذکور |
| 15 | ادیان کا واحد ہے: (A) دن (B) دنیا (C) دین (D) دیوان |

101-018-I-(Objective Type)-38250 (5021) LHR -9- 1-18

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 اور 2017-2019)

اردو (لازمی) | 018 - (نہم کلاس) | وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) | (پہلا گروپ) | کل نمبر : 60

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

(ii) جو بے داغ لالہ ، جو بے خار گل ہے — وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے ، وہ تُو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

(حصہ غزل)

(v) آتشِ غم میں دل بُھنا شاید — دیر سے بُو کباب کی سی ہے

(vi) رُخ و زلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اجالے میں رویا کیا

(vii) بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلا — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثرپاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) ظرافت مزاج میں اس قدر تھی کہ اگر آپ کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔ ایک دفعہ جب رمضان گزر چکا تو قلعے میں گئے۔ بادشاہ نے پوچھا: '' مرزا تم نے کتنے روزے رکھے؟'' عرض کیا: '' پیرومرشد! ایک نہیں رکھا۔'' ایک دن نواب مصطفیٰ خان کے مکان پر ملنے کو آئے۔ ان کے مکان کے آگے چھتا تاریک تھا۔

(ورق الٹیے)

LHR-5-1-18

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org

3۔ (ب) بھینس اگر ورزش کرتی اور غذا کا خیال رکھتی تو شاید چھریری ہو سکتی تھی لیکن کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بعض لوگ مکمل احتیاط کرنے پر بھی موٹے ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بھینس کا مشغلہ جگالی کرنا ہے یا تالاب میں لیٹے رہنا۔ وہ اکثر نیم باز آنکھوں سے اُفق کو تکتی رہتی ہے۔ لوگ قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟ (ii) شاعر امیر مینائی کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟

(iii) حضرت اسماءؓ کون تھیں؟ (iv) گلزار کے بھیگنے اور سبزے کے نہانے سے کیا مراد ہے؟

(v) دلی قوئی کو بےکار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟ (vi) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

(vii) حضرت بی کون تھیں اور اُنھوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟ (viii) ہم ہر خوش گلو پرندے کو بُلبُل سمجھتے ہیں، اس میں قصور کس کا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) نصوح اور سلیم کی گفتگو ۔ (ب) قدر ایاز ۔ 5

6۔ نظم ”پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ“ کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ ابا جان کو خط لکھ کر اپنے سکول میں ہونے والے ریزلٹ ڈے کی تفصیل لکھیے۔ یا ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھیے اور اپنے محلے میں موجود گندگی کے ڈھیروں اور صفائی کے عملے کی غفلت کے خلاف شکایت کیجیے۔ 10

8۔ ایک کہانی لکھیے جس کا عنوان ”گیدڑ کی مکاری“ ہو۔ یا ہوٹل منیجر اور مہمان میں مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) احمد نے کتاب کو پڑھا۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) سامان، مکان اور دکانیں سب جل گئیں۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔ (v) آبرو مٹی میں ملانا۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) آخ تھو --- (ii) بد اچھا --- (iii) جس کی لاٹھی ---

(iv) زبانِ خلق کو --- (v) غریب کی جورو ---



LHR-9-1-18

www.pakcity.org

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2016-2018 اور 2017-2019 )

اردو (لازمی) | 018 - ( نہم کلاس ) | وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) | PAPER CODE = 5026 | کل نمبر : 15

( دوسرا گروپ )

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | بندے پر امتحان کا اثر نہیں تھا : | (A) رتی برابر | (B) ذرہ برابر | (C) بالکل | (D) معمولی |
| 2 | الطاف حسین حالی کے مطابق رب کا ئنات کا قبضہ ہے : | (A) حکومتوں پر | (B) دلوں پر | (C) زندگیوں پر | (D) انسانوں پر |
| 3 | محنت کی جمع ہے : | (A) ممتحن | (B) محن | (C) رہن | (D) صحن |
| 4 | دوستانہ کا متضاد ہے : | (A) یارانہ | (B) مخالفانہ | (C) تعلقانہ | (D) امیرانہ |
| 5 | قواضی کا واحد ہے : | (A) قاضی | (B) قاضہ | (C) قاضیہ | (D) قواضیہ |
| 6 | ایک صحبت میں مرزا غالبؔ کس کی تعریف کررہے تھے : | (A) ذوقؔ کی | (B) مومنؔ کی | (C) بہادرشاہ ظفرؔ کی | (D) میر تقی میرؔ کی |
| 7 | یہ مصرع ''اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی'' کس شاعر کا ہے: | (A) انشاؔ کا | (B) جراتؔ کا | (C) دردؔ کا | (D) میرؔ کا |
| 8 | سبق '' آرام و سکون '' کے مصنف کون ہیں: | (A) پریم چند | (B) سید امتیاز علی تاج | (C) مولوی نذیر احمد | (D) میرزا ادیب |
| 9 | کیا کیا رکھے ہے یارب، ۔۔۔۔ تیری قدرت : | (A) مسلمان | (B) سامان | (C) انسان | (D) حیوان |
| 10 | استاد کی مؤنث ہے : | (A) استانی | (B) استانیاں | (C) استانیوں | (D) استانیہ |
| 11 | کس کی بنی ہے عالم ۔۔۔۔ : | (A) پائیدار میں | (B) ارواح میں | (C) ناپائیدار میں | (D) بقا میں |
| 12 | قوم کی بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے : | (A) کاہلی چھوڑ کر | (B) فکرمندی چھوڑ کر | (C) خوش وخرم رہ کر | (D) پریشان رہ کر |
| 13 | داستان کا مترادف ہے : | (A) حکایت | (B) افسانہ | (C) ڈرامہ | (D) ناول |
| 14 | ماں کی گود میں کون سویا ہوا تھا : | (A) بلی | (B) سلیم | (C) لڑکی | (D) بیدارا |
| 15 | دہشت گردی کے خاتمے میں اہم کردار ہے : | (A) الیکٹرانک میڈیا کا | (B) مسجد کا | (C) مدرسے کا | (D) تمام کا |



www.pakcity.org pakcity.org EDUCATION

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2016-2018 اور 2017-2019 )

اردو (لازمی) — 018 - (نہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) — (دوسرا گروپ) — کل نمبر : 60

( حصہ اوّل )

-2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) چچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی — کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت ، یہی آبرو ہے

(iii) سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی — اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

(iv) ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گل ، زرِ کامل عیار سے

( حصہ غزل )

(v) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں — حالت اب اضطراب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) ہم ہے مُشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی ! یہ ماجرہ کیا ہے

( حصہ دوم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) منجھلا لڑکا میرا اہم جماعت ہے۔ ایک دن میرا آموختہ یاد نہ تھا۔ مولوی صاحب نہایت ناخوش ہوئے اور اس کی طرف اشارہ کر کے مجھ سے فرمایا کہ کم بخت گھر سے گھر ملا ہے۔ اُسی کے پاس جا کر یاد کر لیا کر۔ میں نے جو پوچھا: 'کیوں صاحب یاد کرا دیا کرو گے؟' تو کہا : 'بہ سرو چشم'۔ غرض میں اگلے دن اُن کے گھر گیا' آواز دی۔ اُنھوں نے مجھ کو اندر بلا لیا۔

(ورق الٹیے)



LHR-9-2-18

3۔ (ب) کرنیلوں کو رہائش کے خاصے عمدہ سی کلاس بنگلے ملتے ہیں۔ مجھے خوش قسمتی سے ایک ایسا بنگلہ مل گیا، جو اپنی کلاس میں بھی انتخاب تھا، یعنی مجھے کرنیلوں میں وہ امتیاز حاصل نہ تھا جو میرے بنگلے کو بنگلوں میں تھا۔ بوڑھے بیروں سے روایت تھی کہ ولسن روڈ کا یہ لاشریک بنگلہ ولسن صاحب نے خاص طور پر اپنے لیے بنوایا تھا۔

4۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 10

(i) غالب نے مقطعے میں محبوب کو اپنی کیا قیمت بتائی ہے؟ (ii) بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

(iii) مرزا غالب کیسے اخلاق کے مالک تھے اور دوستوں کے ساتھ کیسے ملتے تھے؟ (iv) اقبالؔ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(v) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟ (vi) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

(vii) الگو چودھری کا فیصلہ سُن کر شیخ جمن کا ردِ عمل کیا تھا؟ (viii) تجمل نے اختر کے بارے میں کس قسم کے خیالات کا اظہار کیا؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) مرزا غالب کے عادات وخصائل۔ (ب) لہو اور قالین۔ 5

6۔ نظم ” برسات کی بہاریں “ کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ چچا کے نام خط لکھیے جس میں ان سے چچی جان کی صحت کے بارے میں پوچھیے۔ 10

یا

پوسٹ ماسٹر صاحب کے نام درخواست لکھیے جس میں ڈاکیے کی شکایت کیجیے۔

8۔ ” جھوٹ کی سزا “ کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا درزی اور گاہک کے درمیان سلائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج جملوں کی درستی کیجیے: (i) دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔ (ii) میں نے چڑیا گھر میں شیر دیکھا۔ 5

(iii) علی رضا اور شہریار آیا۔ (iv) کپڑے، کتابیں اور ایک صندوق جل گئے۔ (v) خون سیاہ ہونا۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے: (i) بات کٹائی۔۔۔ (ii) پاک رہو۔۔۔ (iii) بد اچھا ۔۔۔ (iv) آدمی کا شیطان۔۔۔ (v) قاضی کے گھر کے۔۔۔

LHR - 9-2-18

www.pakcity.org
EDUCATION
pakcity.org